
والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے معلومات

BRITISH COLUMBIA | Ministry of Education and Child Care

# ابتدائی خواندگی کے بارے میں سب کچھ



جب ہم ابتدائی خواندگی کے بارے میں بات کرتے ہیں، تو ہمارا مطلب ہوتا ہے کہ *اس سے پہلے* کہ بچے مکمل طور پر پڑھنے اور لکھنے کے قابل ہو جائیں، وہ پڑھنے اور لکھنے کے بارے میں کیا سیکھتے ہیں ۔ اسکول شروع کرنے سے پہلے، آپ کا بچہ اپنی ابتدائی خواندگی کی مہارتیں کی تعمیر شروع کرتا ہے جو اسکول میں اور اس سے آگے کی کامیابی میں اس کے لیے ضروری ہیں۔ ابتدائی گریڈز (کنڈرگارٹن سے گریڈ 3) میں، آپ کا بچہ ان مہارتوں کو فروغ دینا جاری رکھے گا اور خواندگان اور مصنفوں میں شامل ہو جائے گا۔ آپ گھر پر ہی ان مہارتوں کے حصول میں مدد کر سکتے ہیں اور اسکول میں ان کی تعلیم کو تقویت دینے میں مدد کر سکتے ہیں۔

یہ مختصر گائیڈ آپ کو درج ذیل فراہم کرے گا:

- گھر پر آپ کے بچے کی ابتدائی خواندگی کی مہارتیں بنانے کے لیے مفید نکات؛
- اس بات کی وضاحت کہ اساتذہ اسکول میں آپ کے بچے کی ابتدائی خواندگی میں کس طرح مدد کریں گے؛ اور
- اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے بچے کو اضافی مدد کی ضرورت ہے تو آپ جواقدامات کر سکتے ہیں۔

## گھر پر کوشش کرنے کے لیے کچھ خیالات:

- **اپنے بچے سے بات کریں** - پیدائش کے وقت سے ہی، بات چیت کریں اور ان سے سوالات کریں۔
- **اپنے بچے کو پڑھ کر سنائیں** - سونے کے وقت کی کہانیاں اہم ہیں!
- **اپنے گھر میں کتابیں اور آڈیو بُکس رکھیں** – پبلک لائبریری مفت کتابوں اور آڈیو بُکس کے لیے ایک بہترین ذریعہ ہے۔
- **اپنے بچے سے ان کتابوں کے بارے میں سوالات پوچھیں جو وہ پڑھ رہے ہیں یا جسے وہ سن رہے ہیں** – اس سے ان کی سمجھ میں اضافہ ہوتا ہے۔
- **اپنے بچے کو کہانیاں سنانے کی ترغیب دیں** – بولی جانے والی زبان پڑھنا لکھنا سیکھنے کا آغاز ہے۔
- **ایک ساتھ مل کرکھیلیں** – کھیلنے کے ذریعے بچے نئے خیالات دریافت کرتے ہیں اور سیکھتے ہیں۔ لیٹس پلے: فیملیز کے لیے سرگرمیاں، آج کھیلیں (Let's Play: Activities for Families, Play Today) میں ، اور جب میں کنڈرگارٹن میں جانا شروع کروں (When I Go to Kindergarten)کی ہدایات (گائڈز) میں خیالات اورسرگرمیاں تلاش کریں۔
- **گھر میں حروف تہجی اور نمبر والے کھلونے اور گیمز رکھیں** – پہیلیاں، مقناطیس، اور بورڈ گیمز بچوں کو حروف، الفاظ اور اعداد سے روشناس کرانے کے پرلطف طریقے ہیں۔
- **ہلکے پھلکے اشعار کے ساتھ کھیلیں** - شاعری والی کتابیں اور گیمز بچوں کو زبان کی آوازیں سیکھنے میں مدد کرتے ہیں۔
- **ایک ساتھ مل کر گائیں** - گانے زبان سیکھنے کا ایک تفریحی طریقہ ہے۔
- **اپنے بچے کو ڈرائنگ کرنے، دستکاری، یا پلے ڈو کے ساتھ کھیلنے کو کہیں** – اس سے پہلے کہ آپ کا بچہ خطوط بنا سکے، اس کے ہاتھوں کو مضبوط ہونے کی ضرورت ہے اور یہ سرگرمیاں مدد کر سکتی ہیں!
- **ان کے ماحول میں موجود الفاظ کی نشاندہی کریں** – تحریری نشانوں، پیکجز، کپڑوں یا کھلونوں پر۔
- **گھر پر اشیاء کو لیبل کریں** - بچے جتنے زیادہ الفاظ دیکھتے ہیں، ان کا ذخیرہ الفاظ اتنا ہی مضبوط ہوتا جاتا ہے۔
- **نئے الفاظ کا اشتراک کریں** – یہ صرف بڑا ہی نہیں ہے--یہ عظیم ، دیو جیسا، یا وَسیع بھی ہے!
- **کلاس میں شرکت کریں** - اپنے قریب ایک StrongStart تلاش کریں یا مفت ابتدائی سیکھنے کی سرگرمیوں کے لیے اپنے مقامی کمیونٹی سینٹر یا اپنی پبلک لائبریری کو پرکھیں۔

BRITISH COLUMBIA | Ministry of Education and Child Care

# والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے معلومات

## میں اپنے بچے کو گھر میں ابتدائی خواندگی کی مہارتیں پیدا کرنے میں کس طرح مدد کر سکتی/سکتا ہوں؟

بات کرنا اور کہانی سنانا وہ جگہ ہے جہاں سے خواندگی کی مہارتیں شروع ہوتی ہیں۔ اپنے بچے سے سوالات پوچھیں اور ان کے ساتھ کہانیوں کا اشتراک کریں، بشمول ذاتی کہانیاں اور اپنی ترجیحی زبان میں کہانیاں۔ اپنے بچے کے ساتھ مل کرروزانہ پڑھنا بھی ان کی ابتدائی خواندگی کی مہارتوں کو بڑھانے میں مدد کرنے کے بہترین طریقوں میں سے ایک ہے۔ یاد رکھیں، ہر طرح کا پڑھنا بیش قیمت ہے- چاہے وہ اکٹھے کھانا پکاتے وقت کوئی ترکیب پڑھنا ہو یا بورڈ گیم سے گیم کارڈز پڑھنا ہو۔ جب آپ کے بچے کے لیے خود پڑھنے کا وقت آئے، تو ان کتابوں کا انتخاب کریں جن میں ان کی دلچسپی ہو اور ساتھ ہی ساتھ کچھ ابتدائی پڑھنے والی کتابوں کا انتخاب کریں، جنہیں وہ آپ کی مدد سے پڑھنے کی کوشش کرنا شروع کر سکتے ہیں۔ اساتذہ اس مقصد کے لیے گھر پر کتابیں بھیج سکتے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ اپنے بچے سے کہانی کے بارے میں سوالات پوچھیں، انہیں اس بارے میں اندازہ لگانے کے لیے مدعو کریں کہ آگے کیا ہو سکتا ہے، اور ان کے سامنے آنے والے کسی بھی نئے الفاظ پر بات کریں۔

اپنے بچے کو باقاعدگی سے ڈرائنگ کرنے اور لکھنے کی ترغیب دیں۔ اس میں فہرستیں بنانا، خطوط لکھنا، یا جریدہ رکھنا شامل ہو سکتا ہے۔ جہاں ممکن ہو، انہیں تحریری مواد جیسے رنگین قلم، کاغذ اور نوٹ بک فراہم کریں۔ اپنے بچے کو ڈرائنگ اور تحریر کے ذریعے آزادانہ طور پر اپنے خیالات کا اظہار کرنے کے لیے وقت فراہم کریں۔ کاغذ پر نشانات اور شکلیں بنانا لکھنے کا آغاز ہے۔ بعد میں آپ ان کی صحیح طریقے سے حروف بنانے کی مشق کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس اپنے بچے کی خواندگی کی مہارت کے بارے میں سوالات ہیں، تو آپ اپنے بچے کے استاد یا دیکھ بھال فراہم کرنے والے سے پوچھ سکتے ہیں۔ وہ گھرمیں اور اسکول میں یا دیکھ بھال کی جگہ پر آپ کے بچے کی مدد کرنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کر سکتے ہیں۔

## اگر انگریزی یا فرانسیسی ان کی پہلی زبان نہیں ہے تو میں اپنے بچے کی مدد کے لیے کیا کر سکتی/سکتا ہوں؟

آپ دونوں زبانوں میں پڑھ کر اپنے بچے کی ابتدائی خواندگی اور پڑھنے کی نشوونما میں مدد کر سکتے ہیں۔ اپنے بچے سے اپنی ترجیحی زبان میں بات کرنا جاری رکھیں۔ یہ ان کی متعدد زبانیں بولنے کی صلاحیت پیدا کرے گا اور انہیں اپنے خاندانی اور ثقافتی پس منظر سے جوڑ دے گا۔ اگر ممکن ہو تو، کہانی سنانے کی حوصلہ افزائی کریں، ورڈ گیمز کھیلیں، چیزوں کو لیبل کریں، اور تمام زبانوں میں گانے گائیں تاکہ سیکھنے کو پرلطف اور بامعنی بنایا جا سکے۔



### ابتدائی خواندگی خاندانوں کے لیے وسائل:

- آپ کی پبلک لائبریری خواندگی کے ابتدائی پروگرام پیش کر سکتی ہے، بشمول آپ اور آپ کے بچے کے لیے کہانی کے اوقات۔
- آپ اپنے پورے خاندان کے لیے کتابیں اور بعض اوقات گیمز، کھلونے، اور خواندگی کے دیگر وسائل ادھار لینے کے لیے بھی پبلک لائبریری کا استعمال کر سکتے ہیں۔
- آپ کا پورا خاندان کمیونٹی ایڈلٹ لٹریسی پروگرام (CALP) کے ذریعے مفت خاندانی خواندگی پروگرام کے ساتھ اپنی خواندگی کی مہارتیں بنا سکتا ہے۔
- اگر آپ کا گود والا بچہ یا پاؤں پر چلنے والا چھوٹا بچہ ہے، تو بہت سی خدمات ہیں جو آپ ان کی نشوونما کی جانچ اور مدد کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔
- ہو سکتا ہے کہ اپنے بچے کے ساتھ شرکت کے لیے، پبلک اسکول میں آپ کے لیے BC کا ایک مفت StrongStartپروگرام ہو۔
- آپ مفت کتابیں، کھلونے، گیمزاور خواندگی کے کٹس ادھار لینے کے لیے اپنی مقامی چائلڈ کیئر ریسورس اور ریفرل کی ادھار میں کتابیں دینے والی لائبریری پر بھی جا سکتے ہیں۔
- اگر آپ کا بچہ اسکول جانے کی عمر کا ہے، تو اس کا اسکول پہلے سے ہی اس کی ابتدائی خواندگی کی نشوونما پر نظر رکھے ہوئے ہے۔
- ہو سکتا ہے کہ آپ کے بچے کا استاد آپ کے بچے کی تعلیم میں مدد کے لیے ابتدائی سالوں میں سیکھنے (Learning in the Primary Years)کا استعمال کر رہا ہو۔
- آپ کے بچے کا چائلڈ کیئر پرووائیڈر یا پرائمری ٹیچر ابتدائی سیکھنے کے فریم ورک کا استعمال کرتے ہوئے ان کی تعلیم کی رہنمائی کر سکتا ہے۔ ابتدائی سیکھنے کے فریم ورک، خاندانوں کے لیے ایک گائیڈ میں مزید جانیں۔

Ministry of Education and Child Care

## اگر انگریزی میری پہلی زبان نہیں ہے تو میں اپنی خواندگی کی مہارت کیسے بنا سکتی/سکتا ہوں؟

والد/والدہ یا دیکھ بھال کرنے والے کے طور پر، آپ کی خواندگی کی مہارتوں کو بہتر بنانے کے بہت سے مفت طریقے ہیں۔

اسکول کے ڈسٹرکٹس بالغ طلباء کے لیے بالغ تعلیم کے کورسزمفت پیش کرتے ہیں۔ بہت سے سرکاری کالجز اور یونیورسٹیز مفت بالغوں کے لیے تعلیم اورانگریزی زبان سیکھنے کے پروگرامس (English Language Learning programs) بھی پیش کرتے ہیں۔ اہلیت، دستیاب کورسز، اور آغاز کی تاریخوں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اپنے مقامی کالج، یونیورسٹی، یا اسکول ڈسٹرکٹ سے رابطہ کریں۔

کمیونٹی ایڈلٹ لٹریسی پروگرام (CALP) پورے برٹش کولمبیا میں مفت بالغ، خاندان، اور مقامی خواندگی کی کلاسیں اور پروگرام پیش کرتا ہے۔ بالغوں کی کلاسیں آپ کے لیے بنائی گئی ہیں، جبکہ خاندانی خواندگی کی کلاسیں پورے خاندان کی پڑھنے اور لکھنے کی مہارت کو بہتر کرتی ہیں۔ یہ پروگرام آپ کی اپنی خواندگی اور عددی مہارت کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ آپ کے بچے کی تعلیم میں مدد کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے اپنے قریب ترین پروگرام سے رابطہ کریں۔



## میں اپنے بچے میں خواندگی سے متعلق کونسی ابتدائی مہارتیں پیدا ہوتے ہوئے دیکھ سکتی/سکتا ہوں؟

آپ نوزائیدہ بچوں سے لے کر پرائمری اسکول کے طلباء تک کے اپنے بچے میں خواندگی کی عمدہ ابتدائی مہارتوں کے پیدا ہونے کو دیکھنا شروع کر سکتی/سکتے ہیں۔

- **کتابوں میں دلچسپی:** آپ کا بچہ کتابیں پکڑنا اور انہیں آپ کے پاس لانا شروع کر سکتا ہے، جس سے ایک ساتھ پڑھنے میں دلچسپی کا اظہار ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ کہانیوں کے مطلب کے بارے میں اپنی سمجھ کا مظاہرہ کرتے ہوئے، تصویروں کی بنیاد پراپنی کہانیاں سنانا بھی شروع کر سکتا ہے۔
- **الفاظ کا ذخیرہ:** جیسے جیسے وہ زیادہ بولنا سیکھیں گے، ان کی ذخیرہ الفاظ میں اضافہ ہوگا۔ وہ جتنے زیادہ الفاظ جانیں گے، موجودہ وقت میں وہ اتنا ہی بہتر سمجھ سکیں گے کہ وہ بعد میں کیا پڑھیں گے۔
- **کہانی سنانا:** جیسے جیسے ان کا تخیل بڑھتا ہے، آپ کا بچہ اپنی کہانیاں سنانے سے لطف اندوز ہو سکتا ہے، جو بعد میں لکھنے کے لیے ایک بہترین بنیاد ہے۔
- **حروف تہجی اور نمبر کی شناخت:** آپ اپنے بچے کو اپنے ماحول میں حروف اور اعداد کی نشاندہی کرتے ہوئے دیکھ سکتے ہیں، جیسے کہ نشانات، پیکجز اور کھلونوں پر۔
- **حروف تہجی کی آوازیں:** آپ کا بچہ حروف اور ان کی آوازوں کے بارے میں متجسس ہو سکتا ہے۔ وہ یہ جاننا شروع کر سکتا ہے کہ مختلف حروف مختلف آوازیں نکالتے ہیں، جو پڑھنے کے لیے ایک اہم مہارت ہے۔
- **تحریری الفاظ:** آپ کا بچہ الفاظ کے کچھ حصوں کو پہچاننا شروع کر سکتا ہے، جس سے انہیں نئے الفاظ سنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ وہ ان تمام الفاظ کو بھی پہچاننا شروع کر سکتے ہیں جنہیں وہ اکثر دیکھتے ہیں، جس سے ان کا اعتماد بڑھتا ہے۔
- **جملے:** وقت گزرنے کے ساتھ، آپ کا بچہ الفاظ کی اپنی سمجھ کو جملوں کا مطلب بنانے کے لیے استعمال کر سکتا ہے۔ یہ مہارت بڑھ سکتی ہے، جس سے وہ مکمل پیراگراف اور آخر کار پوری کتابوں کو سمجھ سکتے ہیں۔

Ministry of Education and Child Care

## میرے بچے کی/کا استانی/استاد اسکول میں اس کی ابتدائی خواندگی کو فروغ دینے میں کیسے مدد کرے گی/گا؟

اگر آپ کا بچہ اسکول جاتا ہے، تو اس کے اساتذہ ابتدائی خواندگی کوفروغ دینے کے لیے مختلف حکمت عملیوں کا استعمال کریں گے۔ وہ آپ کے بچے کو بنیادی باتیں سکھائیں گے، جیسے حروف تہجی، بصری الفاظ، اور حروف اور آوازیں ایک ساتھ کیسے کام کرتی ہیں (جسے صوتیات کہا جاتا ہے)، تاکہ وہ الفاظ کو آواز دے سکیں، ہجے کر سکیں، پہچان سکیں اور سمجھ سکیں کہ وہ کیا دیکھتے ہیں (اور بعد میں) وہ کیا پڑھتے ہیں۔ اساتذہ آپ کے بچے کو بلند آواز سے پڑھ کر اور آپ کے بچے کی سمجھ (یا فہم کی مہارت) کو بڑھانے میں مدد کرنے کے لیے سوالات پوچھ کر زبان سے محبت پیدا کرنے میں بھی مدد کریں گے۔ کلاس روم میں آپ کے بچے کے لیے – خود سے، ساتھیوں کے ساتھ مل کر، اور اپنے استاد کے ساتھ مل کر، دریافت کرنے کی بہت سی کتابیں ہوں گی۔ آپ کے بچے کا استاد آپ کے بچے کو کلاس روم میں کہانیاں سنانے اور لکھنے کے مواقع فراہم کرے گا، اس کی مدد کرے گا کہ وہ شکلیں، حروف، اور بعد میں لکھنا سیکھیں، نیز واضح اور تخلیقی طور پر اپنا اظہار کریں۔

یہ سمجھنے کے لیے کہ آپ کا بچہ اپنی تعلیم میں کس طرح ترقی کر رہا ہے، اساتذہ باقاعدگی سے اس کی ابتدائی خواندگی کا مختلف ٹولز سے جائزہ لیتے ہیں۔ اس کے بعد وہ آپ کے بچے کے ساتھ ایسی کوئی بھی مہارت پیدا کرنے کے لیے کثرت کر سکتے ہیں جس مہارت کے لیے مزید مدد کی ضرورت ہو۔

## اگر میرے بچے کو اسکول میں اضافی مدد کی ضرورت ہو تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اگر آپ یا آپ کے بچے کے استاد کو آپ کے بچے کے پڑھنے یا لکھنے کے بارے میں خدشات ہیں، تو پہلا قدم ہوگا کہ مل کر کام کریں۔ اگر آپ کے بچے کے استاد کو اسکول میں کوئی تشویش محسوس ہوتی ہے تو وہ آپ سے رابطہ کر سکتے ہیں، اور اگر آپ کو گھر میں کوئی تشویش محسوس ہوتی ہے تو آپ اپنے بچے کے استاد سے بات کر سکتے ہیں۔ مل کر، آپ اپنے بچے کی مدد کے لیے ایک منصوبہ تیار کر سکتے ہیں۔ آپ ہر قدم پر اپنے بچے کے سیکھنے کا حصہ بن سکتے ہیں۔

آپ کے بچے کے استاد اپنی کلاس کے تمام بچوں کا جائزہ لیں گے، بشمول آپ کا بچہ۔ وہ ان معلومات کا استعمال ان علاقوں کی نشاندہی کرنے کے لیے کریں گے جن میں آپ کے بچے کو اضافی مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ وہ آپ کے بچے کی صلاحیتوں کو ابھارنے میں مدد کے لیے کلاس روم میں نئی حکمت عملی آزما سکتے ہیں۔

اگر کلاس روم کے استاد کو لگتا ہے کہ انہیں مزید معلومات کی ضرورت ہے، تو وہ آپ سے بات کر سکتے ہیں اور پھر مشتمل تعلیم کے استاد سے مدد طلب کر سکتے ہیں۔ مشتمل تعلیم کا استاد آپ کے بچے کا اندازہ بھی لگا سکتا ہے اور کلاس روم میں استعمال کے لیے حکمت عملی تجویز کر سکتا ہے یا آپ کے بچے کے ساتھ ان کے سیکھنے میں مدد کے لیے انفرادی طور پر (ون آن ون) یا چھوٹے گروپ میں کام کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

اگر مزید معلومات کی ضرورت ہے تو، مشتمل تعلیم کا استاد آپ سے بات کر سکتا ہے اور پھر مزید معلومات اکٹھا کرنے کے لیے آپ کے بچے کو اسکول کے ماہر نفسیات کے پاس بھیج سکتا ہے۔ اسکول کا ماہر نفسیات آپ کے بچے کے استاد (اساتزہ)کو اسکول میں آزمانے کے لیے حکمت عملی دے سکتا ہے اور آپ کو گھر میں آپ کے بچے کی مدد کرنے کے لیے خیلات، ٹولز اور گیمز بھی دے سکتا ہے۔



**اپنے بچے کی ابتدائی خواندگی کی مہارتوں کو تیار ہوتے دیکھنا طلسمائی لگ سکتا ہے، لیکن اس کی شروعات واقعی گھر پر، بچوں کی دیکھ بھال کی جگہ پر، اور/یا اسکول پر، ساتھ مل کر کام کرنے سے ہوتی ہے۔ جب آپ کے بچے کو اس کی ابتدائی خواندگی کی نشوونما کے دوران، مدد اور حوصلہ افزائی کا امتزاج ملتا ہے ، تو یہ پڑھنے اور لکھنے کی چاہت کو فروغ دے سکتا ہے جو کہ زندگی بھر قائم رہ سکتا ہے۔**

ہم سے رابطہ کریں: Literacy.Supports@gov.bc.ca